سوال

(702) رمضان میں مشت زنی کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مشت زنی کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟ اور اگر ٹوٹ جاتا ہے تو اس کا کیا کفارہ ہے؟

برائے مہربانی سوال کا جواب مرحمت فرما کر سائل کی اعانت فرمائیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مشت زنی ایک حرام عمل ہے۔ اگر مشت زنی کرنے سے انزال بھی ہو جائے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے، کیونکہ آپ نے عمداً منی خارج کی ہے۔ اور اگر انزال نہ ہو تو روزہ نہیں ٹوٹتا لیکن آپ ایک حرام عمل کے مرتکب ہوئے ہیں، جس پر آپ کو اللہ تعالی سے توبہ کرنی چاہیے۔

اگر آپ اس فعل شنیع کے مرتکب ہوئے ہیں تو اس دن کی قضاء آپ پر لازم ہے۔ اس پر کوئی کفارہ نہیں ہے، کیونکہ کفارہ جماع کے ساتھ خاص ہے۔ اللجنة الدائمة للبحوث العلمیة والافتاء سعودی عرب کا یہی فتویٰ ہے۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ